فوری ریلیز کے لیے: 27/1/2026 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL RADICAL AI کی جانب سے بروکلین نیوی یارڈ میں نیو یارک کی پہلی مکمل خود مختار میٹیریلز سائنس لیبز کے قیام کا جشن منا رہی ہیں

میٹیریلز سائنس R&D کی یہ کمپنی نئے ہیڈ کوارٹرز کی تزئین و آرائش کرے گی اور AI سے لیس جدید لیبز تعمیر کرے گی

یہ منصوبہ 115 نئی اور پرکشش تنخواہوں والی ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک شہر کے تیزی سے ابھرتے ہوئے ڈیپ ٹیک اور مصنوعی ذہانت کے شعبے کے لیے ایک مہمیز ثابت ہو گا

اس منصوبے کو ESD ایکسلیشیئر جابز پروگرام کے تحت 2$ ملین تک کے کارکردگی پر مبنی ٹیکس کریڈٹس کی معاونت حاصل ہو گی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج Radical AI، جو نادر غیر نامیاتی میٹیریلز کی دریافت پر کام کرنے والی ایک سائنسی تحقیق و ترقی کی کمپنی ہے، کی جانب سے بروکلین نیوی یارڈ میں نیو یارک کی پہلی مکمل طور پر خود مختار میٹیریلز سائنس لیبارٹری قائم کرنے کا جشن منایا۔ یہ کمپنی بلڈنگ 20 میں موجود جگہ کی تزئین و آرائش کرے گی اور اس کو ایک جدید ترین ہیڈکوارٹر اور ایک تحقیقی سہولت گاہ قائم کرنے کے لیے ازسرِ نو استعمال میں لائے گی، جو روزانہ 100 کے قریب AI سے چلنے والے تجربات کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو گی۔ اس 4$ ملین کے منصوبے سے، جسے ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ (Empire State Development, ESD) کی جانب سے ایکسیلسئیر جابز پروگرام کے تحت کارکردگی کی بنیاد پر دیے جانے والے 2$ ملین تک کے ٹیکس کریڈٹس کی معاونت حاصل ہے، میٹیریلز سائنس اور مصنوعی ذہانت کے تیزی سے بڑھتے ہوئے شعبوں میں 115 نئی اور زیادہ معاوضہ دینے والی ملازمتیں پیدا کرنے کی توقع ہے۔ یہ سرمایہ کاری نئی نسل کی صنعتوں کو فروغ دینے، زیادہ تنخواہ والی ملازمتوں کے مواقع میں توسیع کرنے اور ریاست کی اختراعی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے نیو یارک کی ریاست گیر حکمتِ عملی کو مزید تقویت دیتی ہے۔

"نیو یارک جدید ترین تحقیق کو حقیقی دنیا کی اختراعات اور بہتر تنخواہ والی ملازمتوں میں تبدیل کرنے میں پورے ملک کی قیادت کر رہا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "Radical AI کا بروکلین نیوی یارڈ میں ریاست کی پہلی مکمل خود مختار میٹیریلز سائنس لیبارٹری قائم کرنے کا فیصلہ، مصنوعی ذہانت، جدید مصنوعات سازت اور ڈیپ ٹیک کی تحقیق کے عالمی مرکز کے طور پر ہماری حیثیت کو مزید مستحکم کرتا ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کی حدوں سے آگے بڑھنے والی کمپنیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے ہم یقینی بنا رہے ہیں کہ طویل مدتی معاشی ترقی کو فروغ دینے والی دریافتیں اسی ریاست میں تیار ہوں، وسعت اختیار کریں اور تجارتی سطح پر لائی جائیں۔"

ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "Radical AI کا بروکلین نیوی یارڈ میں نیو یارک کی پہلی مکمل خود مختار میٹیریلز سائنس لیبارٹری قائم کرنے کا فیصلہ ہماری اختراعی معیشت کی مضبوطی اور تنوع کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ منصوبہ مصنوعی ذہانت، جدید تحقیق اور اعلیٰ معیار کی ملازمتوں کے مواقع کو ایک ایسے شعبے میں یکجا کر رہا ہے جو عالمی معیشت کے تقریباً ہر شعبے سے جڑا ہوا ہے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کی معاونت سے Radical AI یہ یقینی بنانے میں مدد کر رہے ہیں کہ میٹیریلز کی دریافت، تجارتی استعمال اور اسٹارٹ اپ کی ترقی کی اگلی لہر یہیں نیو یارک شہر میں وقوع پذیر ہو۔"

Radical AI کے CEO اور شریک بانی Joseph Krause (جوزف کروُس) نے کہا، "ہماری نئی سہولت گاہ میں میٹیریلز کے تجربات اس رفتار اور پیمانے پر کیے جائیں گے جو روایتی تحقیق و ترقی سے ممکن نہیں، اور تجرباتی ڈیٹا کو اس طرح حاصل کیا جائے گا کہ ہمارا AI وقت کے ساتھ مسلسل ڈیٹا فیڈبیک لوپ میں زیادہ ہوشیار بنتا جائے گا۔ ہمارا مقصد میٹیریلز کی دریافت کے عشروں کو چند سالوں یا مہینوں میں سمیٹنا ہے، اور ہم اس نظریے کی حمایت پر ESD کے شکر گزار ہیں۔"

NYCREDC کے شریک چیئرز Félix V. Matos Rodríguez (فیلیکس وی. ماتوس روڈریجز)، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر، اور William D. Rahm (ولیم ڈی. رہم)، Everview Partners کے CEO نے کہا، "نیو یارک شہر کے اقتصادی مستقبل کا دارومدار اس پر ہے کہ ہم سائنس اور ٹیکنالوجی کی جدید ترین سرحدوں پر کام کرنے والی کمپنیز کو اپنی جانب مائل کرنے اور فروغ دینے کی کتنی صلاحیت رکھتے ہیں۔ بروکلین نیوی یارڈ میں Radical AI کی توسیع علاقے کی بے مثال قدرتی صلاحتیوں کی فراہمی، تحقیقی صلاحیت اور مشترکہ اختراعی ماحول کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف پرکشش معاوضے والی ملازمتیں پیدا کرے گا، بلکہ نیو یارک شہر کی AI سے چلنے والی تحقیق، جدید مصنوعات سازی اور اگلی نسل کے اسٹارٹ اپ کی ترقی کے عالمی مرکز کے طور پر حیثیت کو بھی مضبوط بنائے گا۔"

نیو یارک سٹی اکنامک ڈیولپمنٹ کارپوریشن (New York City Economic Development Corporation, NYCEDC) کے سینئر وائس پریزیڈنٹ آف پارٹنرشپس Justin Kreamer (جسٹن کریمر) نے کہا، "ہم بہت خوش ہیں کہ Radical AI بروکلین نیوی یارڈ میں نیو یارک کی پہلی مکمل خودمختار میٹیریلز سائنس لیبارٹری قائم کریں گے، نیو یارک شہر کے وسیع قدرتی صلاحیتوں کے ذخیرے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور اسے دنیا کا اطلاق شدہ AI کا دارالحکومت بنانے میں اپنا حصہ ادا کریں گے۔ Radical AI کا نیا جدید ہیڈکوارٹر 100 سے زائد مستقبل پر مبنی ملازمتیں پیدا کرے گا، مصنوعی ذہانت کے تجربات اور تحقیق کے لیے ایک اہم مرکز کا کردار ادا کرے گا، اور نیو یارک شہر کے پائیدار میٹیریلز کی اختراع کے عزم کو مزید قوی کرے گا، اور پہلے سے جاری مؤثر کاوشوں جیسے Gotham Foundry کے ساتھ شامل ہو گا۔"

رکن اسمبلی Steven Otis (اسٹیون اوٹس) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل)، NYS ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ، اور تحقیق و ٹیکنالوجی کے جدت پسند، Radical AI کو بروکلین نیوی یارڈ میں قائم ہونے والی جدید ترین میٹیریلز تحقیقاتی لیبارٹری کی دلچسپ خبر پر مبارکباد۔ میٹیریلز کی تحقیق، ترقی اور جانچ ہمارے اقتصادی، ماحولیاتی اور ٹیکنالوجی سے متعلق مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ Radical AI توانائی اور ٹیکنالوجی کی اختراع کے لیے میٹیریلز کی موزونیت کا جائزہ لینے میں AI کے استعمال میں ایک رہنما ہے۔ یہ اہم تحقیق نئے اقتصادی اور ترقی کے مواقع پیدا کرے گی اور ایک بار پھر ٹیکنالوجی کی اختراع میں نیو یارک کے قائدانہ کردار کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ اعلان گورنر Hochul (ہوکل) کی ٹیکنالوجی کی صنعتوں میں ملازمتوں کے فروغ پر توجہ کی کامیابی اور اس باہمی تعاون کی مثال بھی ہے جو نیو یارک ان کمپنیز کو اپنی ریاست میں لانے کے ذریعے فراہم کرتا ہے۔"

2024 میں قائم ہونے والی Radical AI ایک چھوٹی تحقیقی ٹیم سے تیزی سے بڑھتی ہوئی کمپنی میں تبدیل ہو گئی ہے جو اگلی نسل کے میٹیریلز کی دریافت کو تیز کرنے پر مرکوز ہے۔ آج یہ کمپنی تقریباً 34 سائنسدانوں، انجینئرز اور ٹیکنالوجسٹس کو ملازمت دے رہی ہے جو AI، روبوٹکس اور میٹیریلز کیمسٹری کے ملاپ پر کام کر رہے ہیں۔ کمپنی کا مقصد بالکل نئی قسم کے میٹیریلز تیار کرنا، ان کا تجربہ کرنا، اور انہیں تجارتی سطح پر لانا ہے جو—خلائی فضائیہ اور توانائی سے لے کر بنیادی ڈھانچے، دفاع یا مصنوعات سازی تک، مختلف صنعتوں کی شکل بدل سکتے ہیں۔ ان کی خود مختار ٹیکنالوجی AI اور خودکار لیبارٹری کو اکٹھا کر کے بالکل نئے میٹیریلز کی تیز رفتار دریافت ممکن بناتی ہے، جنہیں بصورتِ دیگر تیار ہونے میں 10 سے 20 سال لگ جاتے۔ یہ طریقہ توانائی، ذرائع آمد و رفت، اور جدید مینوفیکچرنگ جیسے شعبوں میں تیز رفتار اختراعات کو ممکن بناتا ہے اور اگلی نسل کی ٹیکنالوجی کی ترقی میں اس شہر کے کردار کو مستحکم کرتا ہے۔

Radical AI موجودہ دفتر کی جگہ کو مکمل طور پر تیار شدہ جدید میٹیریلز سائنس لیبارٹری میں تبدیل کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے، جو مخصوص آلات، گیس لائنز، روبوٹکس سسٹمز، جدید حفاظتی اور تنظیمی ترتیبوں اور ضروری بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈز سے لیس ہو گی۔ Radical AI کی خودکار لیبارٹری صرف نئے غیر نامیاتی میٹیریلز کی دریافت پر مرکوز ہو گی، جو AI سے چلنے والے تجربات اور تحقیق و ترقی کے ذریعے کی جائیں گی۔

کمپنی کا ہائی-تھرو پٹ والا طریقہ میٹیریلز کی دریافت کے روایتی طور پر سست عمل کو 370 گنا تیز کرے گا، اور ایسے نئے میٹیریلز پیدا کرے گا جن کے استعمال متعدد صنعتوں میں ممکن ہیں۔

بروکلین نیوی یارڈ میں توسیع کے ساتھ، Radical AI نیو یارک شہر میں اپنی موجودگی کو مزید قوی کریں گے اور مصنوعی ذہانت، جدید مصنوعات سازی اور ڈیپ ٹیک تحقیق میں شہر کے بڑھتے ہوئے قائدانہ کردار کو مضبوط بنائیں گے۔ یہ سرمایہ کاری جدید ترین AI کی صلاحیتوں کو عالمی معیار کے سائنسی ٹیلنٹ کے ساتھ ملا کر شہر کے اختراعی ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنا رہی، اور میٹیریلز کی دریافت کے لیے ایک نیا مرکز قائم کر رہی ہے جو اسٹارٹ اپ کی تشکیل، تجارتی استعمال اور متعدد صنعتوں میں طویل مدتی اقتصادی ترقی کی حمایت کرے گا۔ چونکہ میٹیریلز سائنس توانائی اور ذرائع آمد و رفت سے لے کر دفاع اور مصنوعات سازی تک ہر چیز کی بنیاد فراہم کرتی ہے، Radical AI کی بروکلین نیوی یارڈ میں موجودگی نیو یارک شہر کو اگلی نسل کی تکنیکی کامیابیوں میں صف اول میں لا رہی ہے۔

خودکار میٹیریلز سائنس AI، روبوٹکس اور جدید کیمسٹری کو ملا کر بالکل نئے میٹیریلز کی تیز رفتار دریافت ممکن بناتی ہے، جن کی تیاری میں بصورتِ دیگر برسوں لگ جاتے۔ یہ طریقہ صاف توانائی، ذرائع آمد و رفت، اور جدید مصنوعات سازی جیسے شعبوں میں تیز رفتار اختراعات کو ممکن بناتا ہے اور شہر کے اگلی نسل کی ٹیکنالوجی کی ترقی میں کردار کو مضبوط کرتا ہے۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں معلومات

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اقتصادی ترقی کے شعبے میں نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر ایک میں اپنے دفاتر کے ساتھ، ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں (Regional Economic Development Councils) کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ کی مساوات میں معاونت کرتی ہے، اور آفس آف اسٹریٹیجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت کو بڑھا رہی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً ریاست نیو یارک میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ مشغول و مصروف رہتی ہے، چھوٹے کاروباروں کو بڑھنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا ایک محیط نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے عالمی معیار کے سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی esd.ny.gov ملاحظہ کریں، اور ESD کے ساتھ LinkedIn، Facebook اور X پر رابطے میں رہیں۔

Radical AI کے متعلق

Radical AI ایک میٹیریلز کی کمپنی ہے جو AI اور خودکار، روبوٹک لیبارٹری کو ملا کر خلائی فضائیہ، بنیادی ڈھانچے، دفاع، توانائی اور مصنوعات سازی جیسی اہم صنعتوں کے لیے نئے غیر نامیاتی میٹیریلز دریافت کرتی ہے۔ کمپنی AI کی ٹیکنالوجی استعمال کر کے اربوں میٹیریلز کی جانچ کرتی ہے اور بہترین امیدواروں کی شناخت کرتی ہے، پھر ان امیدواروں کو خود مختار لیبارٹری میں تیار کر کے ان کی آزمائش کرتی ہے، اور مستقبل کی پیش گوئیوں کو بہتر بنانے کے لیے قیمتی تجرباتی ڈیٹا ایک بند لوپ سسٹم میں جمع کرتی ہے۔ Radical نے RTX Ventures کی قیادت میں 55$ ملین کی سیڈ فنڈنگ حاصل کی جس میں NVentures (NVIDIA)، Noa، Eni، Infinite Capital، اور AlleyCorp نے بھی حصہ لیا۔ یہ کمپنی وائٹ ہاؤس کے جینیسس مشن میں محکمہ توانائی کی شراکت دار ہے اور اس کو ہائپر سونک پرواز کے لیے ہائی-انٹروپی الائے تیار کرنے کے لیے ایئر فورس کا AFWERX کنٹریکٹ ملا ہوا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، radical-ai.com ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں